ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

نیو کراچی ٹاؤن میں برساتی نالہ سیوریج کے دباؤ سے اُورفلو، مین شاہراہ زیرِآب۔

چیئرمین محمد یوسف کا وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ یونین کمیٹی نمبر 12 سیکٹر 11-A کا ہنگامی دورہ۔

چیئرمین محمد یوسف کی نگرانی میں اجمیر نگری چوک تا پاور ہاؤس چورنگی برساتی نالے کا چوکنگ پوائنٹس کلیئر۔

عوام کو صاف شفاف ماحول کی فراہمی کے لئے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لارہے ہیں۔چیئرمین محمد یوسف

مورخہ:16/جنوری 2025ء

کراچی ( ) نیو کراچی ٹاؤن میں برساتی نالہ سیوریج کے دباؤ سے اُورفلو، مین شاہراہ زیرِآب۔چیئرمین محمد یوسف کا وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ یونین کمیٹی نمبر 12 سیکٹر 11-A کا ہنگامی دورہ۔چیئرمین محمد یوسف کی نگرانی میں اجمیر نگری چوک تا پاور ہاؤس چورنگی برساتی نالے کا چوکنگ پوائنٹس کلیئر۔اس موقع پر یونین کمیٹی نمبر 12 کے چیئرمین عظیم انور، یوسی وائس چیئرمین ،وارڈ کونسلر وار اکین یونین کمیٹی، ایڈیشنل ڈائریکٹر سینی ٹیشن محمد مشتاق خان، ایکس ای این بی اینڈ آر اشفاق حسین، انچارج بی اینڈ آر فیصل صغیر ودیگر ٹاؤن افسران بھی موجود تھے۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے برساتی نالے کے چاکنگ پوائٹ پر صفائی کے کام کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ سیوریج نظام کی فرسودگی کی وجہ سے واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن نے برساتی نالوں میں سیوریج کی لائنیں ڈالی ہوئی ہیں جس کی وجہ سے برساتی نالوں کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے ،جبکہ کچھ ناسمجھ اور غیر ذمہ دار افراد برساتی نالوں میں کچرا ڈال دیتے ہیں جس کی وجہ سے یہ نالے چوک ہوجاتے ہیں اور سیوریج کا گندہ پانی بیک مار کر سڑکوں پر جمع ہوجاتا ہے اور ٹریفک کی روانی متاثر ہوجاتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ رات بھی اجمیر نگری تا پاور ہاؤس چورنگی برساتی نالے میں اورفلو ہوگیا اور سیوریج کا پانی سڑک پر جمع ہوگیا تھا۔جس پر ٹاؤن انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے نالے کے چاکنگ پوائٹ کو کلیئر کرایا ہے ۔الحمدللہ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے عوام کو صاف وشفاف ماحول کی فراہمی کے لئے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لارہے ہیں ۔نالے کی صفائی کے بعد نیو کراچی کا عملہ سڑکوں پر موجود پانی کو صاف کرے گا تاکہ ٹریفک کی روانی بلاتعطل جاری رہے۔اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر نے کہا کہ چیئرمین محمد یوسف کی رہنمائی میں نیو کراچی ٹاؤن میں صفائی ستھرائی کے ساتھ بنیادی بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنا رہے ہیں ،ہم وسائل کا رونا نہیں روتے بلکہ دستیاب وسائل میں عوام کے مسائل حل کررہے ہیں اور جلد انشاءاللہ نیو کراچی ٹاؤن مسائل سے پاک خوبصورت ٹاؤن میں شمار ہوگا۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن